© rasailojaraid.com



مولانا لقمان الحق حقانی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# اللہ تعالیٰ نے کائنات کے اسرار و رموز میں چار کے ہند سے کو بڑی اہمیت دے رکھی ہے

(۱) اللہ تعالیٰ نے چار (۴) سمت پیدا کی ہیں: مشرق، مغرب، شمال، جنوب

(۲) معرفت الٰہی کی چار چیزوں میں غور کرنے کا حکم: اونٹ، آسمان، پہاڑ، زمین (القرآن)

(۳) منافق کی چار علامتیں: جھوٹ، وعدہ خلافی، دھوکہ، گالی دینا (حدیث متفق علیہ)

(۴) چار چیزیں بھلائی والی ہیں جس کو ملی ہوں وہ خیر پر ہے: ذکر کرنے والی زبان، شکر کرنے والا دل، مصیبت پر صبر کرنے والا بدن، پاک دامن عورت۔

(۵) چار، چار سے سیر نہیں ہوتے: زمین پانی سے، عورت مرد سے، آنکھ دیکھنے سے، عالم علم سے

(۶) چار جنت کے خزانے ہیں: چپکے سے صدقہ کرنا، مصیبت کو چھپانا، صلہ رحمی، لاحول ولاقوۃ

(۷) چار چیزوں کا حکم: ایمان باللہ، اقامت الصلوٰۃ، زکوٰۃ، غنیمت کا پانچواں حصہ دینا۔

(۸) چار نے ساری دنیا پر حکومت کی ہے: دو پیغمبر، سلیمانؑ، ذوالقرنینؑ، دو کافر، نمرود، بخت نصر، حجاج بن یوسف ابن القریہ تاریخ الخلفاء، ص ۲۲۱)

(۹) فقہ کے چار اصول: کتاب اللہ، سنت رسولؐ، اجماع امت، قیاس مجتہد۔

(۱۰) شیطان چار طرف سے حملہ کرتا ہے۔ سامنے سے، پیچھے سے، دائیں سے بائیں سے (القرآن پارہ ۸)

(۱۱) ہدایت کے لئے چار آسمانی کتب: تورات، زبور، انجیل، قرآن شریف

(۱۲) نبی کریمؐ کے چار وزراء۔ جبرائیلؑ، مکائیلؑ، ابوبکرؓ، عمرؓ

(۱۳) آدمی کی سعادت کی چار علامتیں ہیں: صالح بیوی، نیک اولاد، اچھے دوست، اپنے شہر کا رزق

(۱۴) چار پر چار حجت ہیں: مالدار پر سلیمانؑ، غریب پر عیسیٰؑ، غلام پر یوسفؑ، مریض پر ایوبؑ

(۱۵) چار خلفاء علی منہاج النبوۃ: ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ

(۱۶) نبی کریمؐ کے چچاؤں نے زمانہ نبوت پایا: حضرت عباسؓ، حضرت حمزہؓ، ابوطالب، ابولہب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۱۷) فقہ کے متونِ اربعہ: مختصر طحاوی، مختصر قدوری معتصر کرنی مختصر الحاکم

(۱۸) کامیابی کے لئے چار صفات: ایمان، عمل صالح، وصیت بالحق، وصیت بالصبر

(۱۹) چار چیزیں اللہ کو محبوب ہیں: قطرہ آنسوؤں کا من خشیۃ اللہ، قطرہ خون شہید کا فی سبیل اللہ قدم نماز کیلئے قدم فی سبیل اللہ

(۲۰) چار حالات میں نفس پر قابو پانے والے جنتی ہے: رغبت ۔ ڈر۔ خواہش۔ غضب

(۲۱) چار خصلتوں والے پر جنت حرام ہے: شراب پینے والا، سود کھانے والا، یتیم کا مال ہڑپ کرنے والا، والدین کا نافرمان

(۲۲) بدبختی کی چار علامتیں ہیں: آنکھ کا خشک ہونا۔ دل کا سخت ہونا، حرص، لمبی امیدیں

(۲۳) چار نے گود میں باتیں کی ہیں: ابن امراۃ من بنی اسرائیل، صاحب جریج، صاحب یوسفؑ، عیسیٰؑ

(۲۴) چار ماہر اسلامی قضاۃ: عمرؓ، علیؓ، ابن مسعودؓ، زید بن ثابتؓ (تاریخ الخلفاء ص ۲۰۴)

(۲۵) چار حفاظ عہد نبویؐ میں: ابی بن کعبؓ، معاذ بن جبلؓ، زید بن ثابتؓ، ابوزیدؓ

(۲۶) چار مدبر سیاسی شخصیات: معاویہ بن ابوسفیانؓ عمر بن العاصؓ مغیرہ بن شعبہؓ، زیاد بن ابوسفیانؓ

(۲۷) امام اعظم کے چار مشہور شاگرد: قاضی ابویوسفؒ، محمد بن حسن شیبانیؒ، زفر بن ہزیلؒ حسن بن زیادؒ

(۲۸) چار بدبختوں کے ساتھ بے نمازی کا حشر: فرعون، ہامون، قارون، ابی بن خلف

(۲۹) چار مقرب فرشتے: جبرائیلؑ، میکائیلؑ، اسرافیلؑ، عزرائیلؑ

(۳۰) چار خصلت والے جنتی: مسکین کو ٹھکانا دینے والا، ضعیف پر رحم کرنے والا، غلام پر نرم، والدین پر خرچ کرنیوالا

(۳۱ چار پر اللہ کا غضب: قسم کھانے والا تاجر، فقیر متکبر، شیخ بوڑھا بدکار، عالم ظالم

(۳۲) چار جس کو ملی ہوں وہ عجیب شخص ہے: خاموشی، تواضع، اللہ کا ذکر، اسباب کی کمی

(۳۳) چار قسم کی شرک سے اجتناب: شرک فی العلم، شرک فی التصرف، شرک فی العبارۃ، شرک عملی غیر اعتقادی

(۳۴) چار عناصر (عناصر اربعہ) انسان کی ضرورت، آگ، مٹی، ہوا اور پانی

(۳۵) چار ائمہ کی تقلید: امام اعظم ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد ابن حنبلؒ

خط وکتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے

© rasailojaraid.com